# اخبار المرکز

## بانی جامعۃ المرکز الاسلامی کا مدینۃ العلم کراچی کا دینی وعلمی، مطالعاتی دورہ

6 رفروری تا 13 رفروری بانی جامعہ مولانا سید نصیب علی شاہ نے کراچی کے علماء کرام سے دینی وعلمی امور پر ملاقات اور وہاں کے مدارس وجامعات اور رفاہی اداروں کو دیکھنے کے لئے کراچی تشریف لے گئے اور وہاں کے علماء اور دانشوروں سے دور جدید کے درپیش مسائل کے حل کے لئے جدید فقہی تحقیقات اور ستمبر میں منعقد ہونے والے پشاور فقہی کانفرنس کے متعلق تبادلہ خیال کیا اور متعدد اجلاسوں میں شرکت کی۔

دارالعلوم کراچی کے دورہ کے دوران سید نصیب علی شاہ نے شیخ الاسلام مولانا محمد تقی عثمانی، اساتذہ ومفتیان کرام دارالعلوم مولانا مفتی محمود اشرف، مولانا عزیز الرحمٰن، مولانا رشید اشرف اور مفتی محمد زبیر حق نواز سے متعدد دینی وعلمی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بنوں کے پسماندہ اور دور دراز علاقہ میں جامعہ المرکز الاسلامی کے علمی، تحقیقی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر شیخ الحدیث مولانا محمد تقی عثمانی نے ستمبر میں اسلام اور جدید سائنس کے موضوع پر منعقد ہونے والی پشاور فقہی کانفرنس میں حصہ لینے پر رضامندی کا اظہار کیا علماء وطلباء نے دارالعلوم آمد پر شاہ صاحب کا خیر مقدم کیا۔

اپنے دورہ کراچی کے دوران حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ نے جامعہ الرشید کا دورہ کر کے ذیل تاثرات قائم کئے۔ علمی دنیا میں ایک اہم اضافہ جامعہ الرشید کراچی کا ہے جس کے بانی مولانا مفتی عبدالرحیم ہے یہاں جدید طرز پر درس وتدریس کا بہترین انتظام کیا گیا ہے۔ طریقہ تدریس میں بھی انقلابی تبدیلیاں لائی گئی ہیں اور یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس جامعہ کی تاسیس وجود اس وقت امت مسلمہ کے لئے ایک عظیم نعمت ہے۔ ساتھ پرشکوہ عمارتیں، حسن انتظام جملہ ضروریات کی فراہمی کا انداز بہترین اور انوکھا ہے۔

شاہ صاحب نے عصر حاضر کے مطابق ان انتظامات اور خدمات پر مولانا مفتی عبدالرحیم اور ان کے رفقاء کار کو خراج تحسین پیش کیا۔

کراچی میں شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف البنوریؒ نے جس مدرسہ عالیہ کا اغاز کیا تھا وہ الحمدللہ آج ایک منظم اسلامی یونیورسٹی کی شکل میں جامعۃ العلوم الاسلامیہ واقع علامہ بنوری ٹاؤن میں موجود ہے۔ اور اس جامعہ کے خدمات کرۂ ارض پر پھیلے ہوئے ہیں کراچی کے ہر کونے میں اس کا شاخ موجود ہے۔ کراچی میں سب سے زیادہ تعداد اس جامعہ اور اس کے شاخوں میں زیر تعلیم ہے۔

مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مہتمم جامعہ سے متعدد دینی اور علمی مسائل پر تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ ومفتیان جامعہ نے اس سے قبل بھی فقہی مجالس اور فقہی تحقیقات میں حصہ لیا تھا اور جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے شروع کردہ جدید فقہی مباحث میں ہم آئندہ بھی حصہ لیں گے۔

جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی کو اپنے دینی تعلیمی اور رفاہی وسماجی خدمات میں ایک اہم مقام حاصل ہے۔ یہاں ہزاروں طلبہ مختلف شعبہ جات میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ یہاں غیر ملکی طلبہ کے لئے علیحدہ شعبہ قائم ہے جہاں یورپ، امریکہ اور افریقہ کے بہت سے طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

مولانا مفتی محمد نعیم حج پر تشریف لے گئے تھے لہٰذا مولانا غلام رسول کا اور دیگر اساتذہ نے استقبال کیا جامعہ بنوریہ کے خدمات کا جائزہ لیا گیا جامع المرکز الاسلامی کے مختلف دینی وسماجی پروگراموں کو یہاں کے علماء نے سراہا اور حسب سابق فقہی مجالس میں باقاعدہ حصہ لینے پر امادگی ظاہر کی۔

مہتمم المرکز نے جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں صدر الوفاق وبانی جامعہ مولانا سلیم اللہ خان اور اساتذہ الجامعہ کے ساتھ وفاق المدارس العربیہ فقہی مجالس وتحقیقات کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ جامعہ کے مفتیان کرام نے فقہی تحقیقاتی پروگرام اور سہ ماہی المباحث الاسلامیہ میں اپنی دلچسپیوں کا اظہار کیا۔

جامعہ کے استاد اور الفاروق کے انچارج مولانا مفتی ولی خان المظفر نے جامعہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ اور تعارف کرایا۔ اور شاہ صاحب نے جامعہ فاروقیہ کو ایک کامیاب اسلامی یونیورسٹی قرار دیا۔

کراچی میں دار العلوم الصفہ بلدیہ ٹاؤن سعید آباد کراچی اب علماء وطلبہ کو خصوصی توجہ کا مرکز ہے۔ مولانا قاری حق نواز صاحب اس دار العلوم کے بانی ومہتمم اور شیخ الحدیث ہیں ان کے صاحبزادے مولانا مفتی محمد زبیر دار الافتاء دار العلوم کراچی میں پڑھاتے ہیں اور انہوں نے کراچی سفر میں شاہ صاحب کی انتہائی خاطر تواضع کی۔ دار العلوم الصفہ کا طریقہ تدریس انتہائی معیاری ہے اور اس ادارہ نے بہت کم عرصہ میں علمی مقام حاصل کیا ہے یہ ادارہ برابر ترقی کے راہ پر گامزن ہے۔ شاہ صاحب اس ادارہ کے لئے بار بار دعاء کرتے ہیں دار العلوم الصفہ کے مدرسہ البنات کے اور چند شاخیں بھی کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔

مہتمم المرکز کراچی میں اپنے قیام کے دوران مولانا حکیم محمد اختر سے ملاقات کے لئے اشرف المدارس گئے اور انہوں نے شاہ صاحب کے لئے دعائیں کیں۔ بعد میں مولانا حکیم محمد اظہر بانی الاختر ٹرسٹ سے مختلف امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

مہتمم المرکز جامعہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی میں بانی جامعہ شیخ الحدیث مولانا مفتی زرولی خان سے ملاقات کے لئے گئے اور ان سے فقہی مجالس کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ جامعہ احسن العلوم کے بارے میں مہتمم صاحب نے بتایا کہ کراچی سے باہر اس کی نئی پُرشکوہ عمارت کی تعمیر پر تیزی سے کام جاری ہے۔

مہتمم المرکز معہد الخلیل میں مولانا محمد یحیٰ مدنی صدیقی ٹرسٹ کراچی میں حاجی منصور الزمان صدیقی۔ جامعہ خلفائے راشدین میں مولانا مفتی محمد ممتاز اور دیگر بہت سے مراکز و مدارس میں گئے جہاں پر علماء نے ان کی امد کو سراہا۔

عید الاضحیٰ ۱۴۲۴ھ کے موقع پر حسب معمول جامعہ المرکز الاسلامی کے جانب سے سینکڑوں بیوگان، ایتام اور فقراء کو عید کی خوشیوں میں شریک کرانے کے لئے خیراتی اداروں کے تعاون سے 10 گائیں اور 45 دنبوں اور بکروں کی قربانی کا اہتمام کیا اور حاجت مندوں کو گوشت فراہم کیا گیا اس موقع پر بہت سے گھرانوں کو راشن اور نقد امداد بھی فراہم کی گئی۔

متحدہ مجلس عمل کے قائد اور جمعیۃ علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن جامعہ تشریف لائے اس موقع پر شمالی وجنوبی وزیرستان کے علماء نے بھی اہم مشورہ کے لئے ہمراہ آ کر اجلاس کیا۔ اس موقع پر شمالی وزیرستان کے ممبر قومی اسمبلی مولانا عبد المالک جنوبی وزیرستان کے ایم این اے پیر نیک زمان ممبر سینٹ عبدالمتین ممبران صوبائی اسمبلی حامد شاہ اور مولانا عبدالرزاق مجددی نے المرکز میں منعقدہ ایک اجلاس میں شرکت کی ممبر قومی اسمبلی مولانا خلیل الرحمٰن افریدی، مہتمم المرکز مولانا نصیب علی شاہ ایم این اے سے ملاقات کے لئے تشریف لائے اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔

۶ رذی الحجہ ۱۴۲۴ھ کو المرکز کے شعبہ دار المحبۃ للایتام کے زیر اہتمام یتیم بچوں میں مالی امداد کے لئے نقد وظائف تقسیم کی گئی۔

۵ رمحرم الحرام کو جامعہ ہذا میں مہتمم محکمہ جنگلات ضلع بنوں نے ممبر قومی اسمبلی حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی مہتمم المرکز اور استاد المرکز ایم پی اے شیخ الحدیث مولانا عبدالرزاق مجددی نے ایروکیریا پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا اور اس مہم کی کامیابی کے لئے دعاء کی۔